بسم اللہ الرحمن الرحیم

عین مسجد کی کھدائی کرنے کے بعد جو حصہ نکلا، وہ بھی عین مسجد ہے

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

عین مسجد کو پانچ فٹ کھود کر گہرا کیا, تو نیچے جو حصہ نکلا، کیا وہ بھی عین مسجد ہوگا؟

جواب

جی! عین مسجد ہوگا، جبکہ مسجد کے نیچے مسجد قرار دینے سے پہلے مصالح مسجد کے لئے کوئی چیز نہ بنالی گئی ہو؛ کیونکہ مسجدیت تام ہونے کے بعد اوپر یا نیچے کچھ اور بنانے کی گنجائش نہیں ہوتی، اگرچہ واقف کہے کہ میری پہلے سے نیت تھی، اور اس کی وجہ یہی ہے کہ اب عین مسجد قرار دینے کے بعد یہ جگہ تحت الثری سے لے کر آسمان کی بلندیوں تک عین مسجد ہو چکی ہے۔

مسجدیت تام ہونے کے بعد کوئی چیز بنانا منع ہے، جیسا کہ درمختار میں ہے "أما لو تمت المسجدية ثم أراد البناء منع ولو قال عنيت ذلك" ترجمہ: بہر حال جب مسجدیت تام ہوجائے، پھر وہ کوئی عمارت بنانے کا ارادہ کرے تو اسے منع کیا جائے گا، اگرچہ وہ (واقف) کہے کہ میں نے پہلے ہی اس کی نیت کی تھی۔ (درمختار مع ردالمحتار، جلد6، صفحہ 549، مطبوعہ: کوئٹہ)

درمختار میں ہے "انه مسجد الی عنان السمآء" ترجمہ: بے شک وہ آسمان کی بلندیوں تک مسجد ہے۔

اس کے تحت ردالمحتار میں ہے "وکذا الی تحت الثری" ترجمہ: اسی طرح تحت الثری تک مسجد ہے۔ (درمختار مع ردالمحتار، جلد2، صفحہ 516، 517، مطبوعہ: کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد ابو بکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4917

تاریخ اجراء: 21 شوال المکرم 1447ھ / 10 اپریل 2026ء